© rasailojaraid.com



کیا مصنف سے یہ توقع بے جا ہوگی کہ وہ سانحہ جامعہ حفصہ اور لال مسجد پر بھی ایسی ہی ایک حقائق کشا کتاب مرتب کردیں۔ قوم اس حادثے کو انجام دینے والے کرداروں کی اپنی زبان سے یہ جاننا چاہتی ہے کہ 'حبِ وطن' کے کن جذبات سے یہ انجام دیا گیا اور 'V' کا نشان بنا کر دکھایا گیا۔ یہ کہانی تو طویل ہوتی جارہی ہے۔ قبائلی علاقوں میں جو آپریشن کیے جارہے ہیں ان کے 'سرجنوں' کی طرف سے بھی کچھ حقائق آنے چاہییں تاکہ صاحبِ کتاب 'جنٹل مین انا للہ' لکھ سکیں۔ (م - س)

**گھر سے واپس گھر تک کے مسائل و فضائلِ حج**، قاری محمد اکرم داد اعوان۔ ناشر: ماڈرن پیپر پروڈکٹس، الکریم مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۲۹۔ قیمت: بلامعاوضہ (۳۰ روپے ڈاک خرچ)۔

۱۹۷۴ء سے حج و عمرہ کی مسلسل سعادت حاصل کرنے کے بعد، سفرِ حج و عمرہ کے حوالے سے پیش آنے والے مسائل و مشکلات کا عام فہم تذکرہ ہے اور مسائل کے حل کے لیے عملی راہ نمائی بھی دی گئی ہے۔ عموماً اہلِ پاکستان حجِ تمتع (عمرہ اور حج) کرتے ہیں، اس لیے مکہ پہنچ کر پہلے عمرہ کی ادایگی کرنا ہوتی ہے، لہٰذا عمرہ کا طریقہ بھی تفصیل سے بیان کر دیا گیا ہے۔ حج کی کتابوں میں عام طور پر مدینہ منورہ سے متعلق زیادہ تفصیلات نہیں ملتیں۔ مذکورہ کتاب میں مدینہ منورہ کی تاریخ، وہاں کی مساجد وغیرہ کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ کتاب کا ایک اہم پہلو حاجی صاحبان کو حج کے بعد خود احتسابی کی دعوت دینا ہے کہ حج کرنے کے بعد آپ نے اپنے میں کیا تبدیلی محسوس کی، اور میرا شمار کن لوگوں میں ہوا، نیز حج سے واپسی پر مجھے کن باتوں کو اپنانا چاہیے۔ (پروفیسر میاں محمد اکرم)

## تعارف کتب

◉ **شرطِ وفا**، انتظار نعیم، ناشر: ادارہ ادب اسلامی ہند، ۲۷۰۳، بارہ دری، بلی ماراں، دہلی-۱۱۰۰۰۶۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [شاعری کی کتاب۔ اُمت مسلمہ خاص طور پر برعظیم کے مسلمانوں کا دکھ درد، اتحادِ ملت، پاک بھارت تعلقات، اسلامی نظام، انصاف وغیرہ ان کی شاعری کے اہم موضوعات ہیں۔ ولولہ انگیز انقلابی لب ولہجہ، ۵۰ غزلیں بھی شامل ہیں۔ کتاب کا حسنِ صوری بھی خوب ہے۔]

© rasailojaraid.com